ازولا

ازولا پانی میں پایا جانیوالا پودا ہے۔جس کی فیملی سالوینیاسی ہے۔یہ اپنی پسندیدہ آب وہوا میں سات دن کے اندر اپنا بائیوماس دوگنا کر جاتا ہے۔اس میں نائٹروجن,فاسفورس،امائنوایسڈ اور بہت سینیوٹرینٹس پائے جاتے ہیں۔

ازولا کی قد وقامت دو دن سے بھی کم وقت میں دگنی ہوسکتی ہے۔اسے کسی قسم کی مٹی کی ضرورت نہیں ہوتی اور یہ اپنی ضرورت کی ساری نائٹروجن ہوا سے حاصل کرسکتا ہے۔اسے ایک ''سپر آرگنزم'' سمجھا جاتا ہے—یعنی ایک ایسا پودہ جس میں انتہائی چھوٹے چھوٹے جاندار پرورش پاتے ہیں جو فضا میں موجود نائٹروجن کو اپنی غذا میں تبدیل کر لیتے ہیں۔ایشیا میں کاشتکار ایک طویل عرصے سے اسے ایک ایسے پودے کے طور پر استعمال کرتے چلے آرہے ہیں جو چاول کے کھیتوں کو قدرتی،سبز کھاد فراہم کرتا ہے۔

اس کو پچاس فیصد تک روشنی کی ضرورت ہوتی ہے۔چونکہ ازولا پانی میں پایا جاتا ہے تو اسکو اگانے کیلیئے پانی کی مقدار چھ انچ تک ہونی چاہیئے۔درجہ حرارت 20 سے لیکر 35 سینٹی گریڈ تک ہونا چاہیئے۔پانی کی پی ایچ 4 سے 7 تک ہونی چاہیئے۔

ازولا میں پروٹین،امائنوایسڈ،وٹامن اے،وٹامن بی اور کیروٹین پایا جاتا ہے جونشوونما کو بڑھاتے ہیں اور اس کے علاوہ کیلشیم،فاسفورس،پوٹاشیم،فیرس اور میگنیشیم جیسے منرلز پائے جاتے ہیں۔خشک ازولا میں تیس فیصد تک پروٹین اور پندرہ فیصد تک منرلز اور نو فیصد تک امائنوایسڈ اور بائیوفعال مادہ ہوتا ہے۔

دنیا کے بعض علاقوں میں،ازولا کو دوسرے پودوں پر غالب آنے والا پودہ تصور کیا جاتا ہے کیوں کہ یہ بڑی تیزی سے پھیلتا ہے،اور دوسرے پودوں پر چھا جاتا ہے۔اس طرح یہ پودہ پانی میں آکسیجن کی سطح کی کمی کا باعث بنتا ہے۔

ازولا میں آلودگی ختم کرنے کی زبردست صلاحیت پائی جاتی ہے۔کاربن کو اپنی طرف کھینچنے کی صلاحیت کے علاوہ،یہ پودے بھاری دھاتوں اور ہائڈروکاربن جیسے ماحول کو آلودہ کرنے والے مادوں کو بھی جذب کر لیتے ہیں۔یہ عمل پانی کو صاف کرنے کا ایک بہت ہی مفید طریقہ ثابت ہوسکتا ہے۔

یہ زمین کی زرخیزی کو بڑھاتا ہے۔پولٹری فارمنگ میں بہت اہمیت کا حامل ہے۔ڈیری فارمنگ میں بہت سے فائدے ہیں۔اس کو پانی صاف کرنے کے لیے بھی استعمال کیا جاسکتا ہے۔اس سے بائیوگیس کی تیاری بھی کی جاسکتی ہے۔اس سے مچھروں پر بھی قابو پایا جاسکتا ہے۔امونیا کے اتار چڑھاو کو بھی کنٹرول کرتا ہے۔ڈک فارمنگ کے لیے بھی بہت اہمیت رکھتا ہے۔

تازہ ازولا کی اوسط پیداوار 400 من سے لے کر 500 من تک فی ایکڑ کے حساب سے ہوتی ہے۔